WESNET
The Women's Services Network

Urdu | اردو

# کیا آپ کے ساتھ ٹیک (tech) بدسلوکی ہو رہی ہے؟

## ٹیک بدسلوکی یعنی ٹیکنالوجی کے ذریعے بدسلوکی اس وقت ہو سکتی ہے کہ کوئی شخص:



- آپ کے فون کو کنٹرول کرے
- آپ سے آپ کا فون لے لے
- آپ کا فون توڑ دے
- آپ کو فون شیئر کرنے پر مجبور کرے۔



- آپ کے آن لائن اکاؤنٹس کو کنٹرول کرے
- آپ کو آپ کے آن لائن اکاؤنٹس استعمال کرنے سے روکے
- آپ کی مرضی کے خلاف آپ کے آن لائن اکاؤنٹس کو استعمال کرے۔



- آپ کی ایسی تصویریں شیئر کرے جو آپ لوگوں کو نہ دکھانا چاہتے ہوں
- آپ کو کہے کہ اگر آپ اس کے کہے پر عمل نہیں کریں گے، وہ ایسی تصویریں شیئر کرے گا جو آپ لوگوں کو نہیں دکھانا چاہتے۔

## اگر کوئی شخص ان طریقوں سے آپ کی مصروفیات پر نظر رکھے تو یہ ٹیک بدسلوکی ہو سکتی ہے:



- آپ کا فون
- خفیہ کیمرے
- ایپس۔

## کمپیوٹر، فون یا ٹیبلٹ کے ذریعے یہ حرکتیں ٹیک بدسلوکی ہو سکتی ہیں کہ کوئی شخص:




- آپ سے بار بار رابطہ کرتا رہے
- آپ کا دل دکھانے والی باتیں کہے
- آپ کو سزا دے
- کہے کہ وہ آپ کو یا آپ کے گھر کے کسی فرد کو نقصان پہنچائے گا۔

## اگر کوئی شخص ایپس یا سوشل میڈیا کے ذریعے یہ حرکتیں کرے تو یہ ٹیک بدسلوکی ہو سکتی ہے:




- آپ کو شرمندہ یا دکھی کرنے والی باتیں کہے
- ایسی باتیں کہے جن سے آپ یا آپ کے خاندان کا امیج خراب ہوتا ہے
- آپ کو دھمکیاں دے کہ وہ آپ کے ساتھ ایسا کرے گا یا ویسا کرے گا۔

## اگر کوئی شخص ان مقاصد کے لیے ٹیکنالوجی استعمال کرے تو یہ ٹیک بدسلوکی ہو سکتی ہے:



- آپ کی مرضی کے خلاف یہ پتہ چلانے کے لیے کہ آپ کہاں ہیں
- آپ کی مرضی کے خلاف یہ پتہ چلانے کے لیے کہ آپ کیا کر رہے ہیں
- آپ کا پیچھا کرنے کے لیے۔

**اگر آپ کے ساتھ ٹیک بدسلوکی ہو رہی ہے تو اپنے سپّورٹ ورکر سے بات کریں۔**

آپ کو ان کی ویب سائیٹ پر مزید معلومات مل سکتی ہیں۔

**www.techsafety.org.au**

یہ پوسٹر ویمنز سروسز نیٹ ورک نے بنایا۔

© 2019 WESNET. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

3200